ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((378

12.08.25

**بہاول پور(     )یوم آزادی 14 اگست کے حوالے سے سرکاری وغیر سرکاری تقریبات کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی انتظامات،800 سے زائد افسران وجوان سرکاری وغیر سرکاری تقریبات پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے، تیز رفتاری،ون ویلنگ اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف موثر حکمت عملی، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیا جائے گا،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح بہاول پور میں جشن آزادی کے حوالے سے امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے 800 سے زائد افسران واہلکاروں کو سکیورٹی پر مامور کیا گیا ہے،ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ساتھ ایلیٹ فورس،ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور ٹریفک اسٹاف اپنی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے اس موقع پر کہا کہ یوم آزادی 14 اگست قوم کیلئے ایک اہم دن ہے۔اس موقع پر لوگ آزادی کا جشن مناتے ہیں، مختلف پروگرامز منعقد ہوتے ہیں اور لوگ تفریحی مقامات کا رخ کرتے ہیں۔تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کیں کہ جاری شدہ سکیوٹی پلان پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔حکومت پنجاب کی طرف سے جاری کردہ ایس و پیز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے۔ طے شدہ ضابطہ اخلاق کو فالو کیا جائے۔تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کریں۔پولیس کی گشت کناں گاڑیاں،ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ کے جوان اپنی گشت چڑیا گھر، پلے گراونڈز اور دیگر پبلک وتفریحی مقامات کے قریب جاری رکھیں گے۔انچارج ٹریفک، جملہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اس بات کو خاص مدنظر رکھیں کہ ایسے موقع پر نوجوان تیز رفتاری،ون ویلنگ اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلا کر اپنے اور دوسروں کے لئے تکلیف کا باعث نہ بنیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈی پی او محمد حسن اقبال نے یوم آزادی 14 اگست کے حوالے سے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو متعدد ہدایات جاری کر دیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((379

12.08.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ریجنل پیٹرولنگ آفیسر نبیلہ رؤوف کے ہمراہ شہریوں میں ہیلمٹ تقسیم کئے۔ شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی اور حادثات سے بچاؤ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔شہری موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہیلمٹ کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنائیں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ریجنل پیٹرولنگ آفیسر نبیلہ رؤوف کے ہمراہ شہر کے مختلف مقامات پر شہریوں میں ہیلمٹ تقسیم کئے۔ موٹر سائیکل چلاتے وقت اپنی اور اپنے پیاروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لئے ہیلمٹ کا استعمال انتہائی ضروری ہے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ پہننا نہ صرف آپ کی حفاظت کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ قانوناً بھی لازم ہے۔ یہ عمل آپ کی زندگی بچا سکتا ہے اور حادثات کی صورت میں شدید چوٹوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ موٹر سائیکل پر سوار ہونے سے پہلے ہیلمٹ پہننا اپنی عادت بنائیں اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دیں۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے PHPافسران و جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاء انفورسمنٹ وٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ حادثات کی روک تھام کے حوالے سے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹریفک کی روانی کو بلا رکاوٹ یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ گشت کے دوران دلچسپی سے اپنے فرائض سرانجام دیں اور ڈیوٹی کے دوران ہر قسم کی تفریق اور تعصب سے بالا تر قانون کے یکساں نفاذ کو یقینی بنائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے RO نبیلہ رؤف کے ہمراہ شہریوں میں ہیلمٹ تقسیم کئے اور ٹریفک حادثات سے بچنے کے لئے شہریوں کو آگاہی فراہم کی